موجودہ طور پر متعدد وطن

موجودہ طور پر متعدد وطن

مسئلہ۵۴۴۔ ایک ہی وقت میں دو یا تین وطن ہونا اشکال نہیں رکھتا ،اس طرح کہ ہر ایک میں گھر ہو جہاں سال میں کچھ مہینے رہتا ہو لیکن ایک ہی وقت میں تین سے زیادہ وطن ہونا محل اشکال ہے۔

مسئلہ۵۴۵۔ اگر کوئی قصد کرے کہ ہمیشہ کے لئے یا کئی سالوں کے لئے تین یا چار مہینے (مثلاً گرمیوں یا چھٹیوں میں) کسی جگہ زندگی گزارے چنانچہ گھر جیسے زندگی کے وسائل فراہم کرے تو عرف کی نظر میں وہ دوسرا وطن شمار ہوگا لیکن اگر وطن بنانے کے قصد اور زندگی کے لوازمات فراہم کئے بغیر فقط تفریح کے لئے وہاں جائے تو وطن ہونا بعید ہے۔

مسئلہ۵۴۶۔ جو شخص ایک سے زیادہ جگہ رہتا ہے وطن ہونے کے لئے ہر جگہ برابر قیام کرنا لازم نہیں ہے بنابرایں جس شخص کے دو وطن ہوں اگر ایک جگہ پانچ مہینے اور دوسری جگہ سات مہینے رہتا ہو اور جس شخص کے تین وطن ہوں اور ایک جگہ چار مہینے ، دوسری جگہ پانچ مہینے اور تیسری جگہ تین مہینے رہتا ہو تو سب پر وطن کے احکام جاری ہوں گے۔